© rasailojaraid.com

## وفیات

### چوہدری محمد شفیع، چوہدری شہزاد مبارک اور چوہدری خرم شہزاد کو صدمہ

مورخہ 17 مئی 2005ء بروز منگل چوہدری محمد شفیع کی بیٹی اور چوہدری شہزاد مبارک اور چوہدری خرم شہزاد کی ہمشیرہ وفات پا گئیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ بڑی پرہیز گار اور صوم وصلاۃ کی پابند تھیں نیکی کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتی تھیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے یہ اعمال ان کیلئے صدقہ جاریہ بنائے۔ امین۔ مرحومہ کی نماز جنازہ قاری مہتاب الرحمٰن شاہ صاحب نے پڑھائی۔

### سیٹھی محمد ارشد اور سیٹھی محمد اشرف کو صدمہ

مورخہ 28 مئی 2005ء بروز ہفتہ بابو نذیر احمد سیٹھی کی اہلیہ محترمہ اور سیٹھی محمد ارشد اور سیٹھی محمد اشرف کی ہمشیرہ مختصر علالت کے بعد سکھر میں قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ سکھر میں مرحومہ کی نماز جنازہ سیٹھی بشیر احمد نے پرھائی جبکہ مرکزی جامع مسجد اہل حدیث چوک اہل حدیث جہلم میں نماز جمعہ کے بعد ان کی غائبانہ نماز جنازہ مولانا محمد اکرم جمیل صاحب شیخ الحدیث جامعہ علوم اثریہ نے پڑھائی۔ مرحومہ صوم وصلاۃ کی پابند تھیں۔ دینی کتب کا شوق سے پڑھنا اور قرآن کریم کی تلاوت کرنا زندگی بھر ان کا معمول رہا۔ جو کہ انھیں اپنی والدہ مرحومہ سے ورثہ میں ملا تھا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ مرحومہ کی حسنات کو قبول فرما کر جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ امین۔

### شیخ محمد طاہر عزیز کو صدمہ

مورخہ 15 جون 2005ء بروز بدھ شیخ محمد طاہر عزیز کی ساس محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

### شاہد عزیز ڈار، زاہد عزیز ڈار اور ندیم ریاض کو صدمہ

مورخہ 24 جون 2005ء بروز جمعۃ المبارک شاہد عزیز ڈار، زاہد عزیز ڈار اور ندیم ریاض کے ماموں کچھ عرصہ صاحب فراش رہنے کے بعد وفات پا گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کی نماز جنازہ قاری سید مہتاب الرحمٰن شاہ نے پڑھائی

### سیٹھی غلام رسول کو صدمہ

مورخہ 27 جون 2005ء بروز سوموار سیٹھی غلام رسول کے داماد قاضی ظہور احمد اور ان کے چھوٹے بھائی محمد طاہر ائیر پورٹ کے قریب کار کے حادثہ میں خالق حقیقی سے جا ملے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## حاجی شیخ محمد کو صدمہ

مورخہ 30 جون 2005ء بروز جمعرات حاجی شیخ محمد کی اہلیہ، حاجی محمد سرفراز اور شیخ عبدالحمید کی بھاوج، شیخ محمد بشیر کی والدہ محترمہ وفات پاگئیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی نماز جنازہ قاری عطاء اللہ ثاقب نے پڑھائی۔

## ڈاکٹر شاہد تنویر جنجوعہ کو صدمہ

مورخہ 31 مئی 2005ء بروز منگل ڈاکٹر شاہد تنویر جنجوعہ فضل ہسپتال سول لائن جہلم کی ممانی صاحبہ طویل علالت کے بعد وفات پاگئیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ بڑی ہی متقیہ اور صوم وصلاۃ کی پابند تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا محمد اکرم جمیل شیخ الحدیث جامعہ علوم اثریہ نے پڑھائی۔

## شبیر احمد اور غضنفر محمود آف سوہاوہ کو صدمہ

مورخہ 12 مئی بروز جمعرات شبیر احمد کی ساس محترمہ اور غضنفر محمود کی والدہ اچانک وفات پاگئیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ نیک اور پارسا خاتون تھیں۔

## محمد شفیق آف سوہاوہ کو صدمہ

مورخہ 30 مئی بروز سوموار محمد شفیق کی والدہ اور راجہ مجاہد حسین کی ساس محترمہ وفات پاگئیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ بڑی ہی متقیہ پرہیز گار اور با اخلاق خاتون تھیں۔

## راجہ مجاہد حسین آف سوہاوہ کو صدمہ

مورخہ 21 جون بروز منگل راجہ مجاہد حسین کی ہمشیرہ اور مسرت محمود کی زوجہ محترمہ کافی عرصہ بیمار رہنے کے بعد اپنے خالق حقیقی سے جاملیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ خطیب مرکزی جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ نے پڑھائی۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## مولانا عابد محمود کو صدمہ

مورخہ 23 جون بروز جمعرات مولانا عابد محمود خطیب جامع مسجد اہل حدیث مدینہ ٹاؤن کے دادا جان قضاء الٰہی سے وفات پا گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم بڑے ہی بااخلاق صوم وصلاۃ کے پابند تھے۔

ادارہ ''حرمین'' جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکور بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے۔ اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ امین!


ولقد یسرنا القرآن للذکر فھل من مدکر (القرآن)

اور بے شک ہم نے قرآن کو سمجھنے کیلئے آسان کر دیا ہے پس کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے؟

قرآن فہمی کیلئے

ترجمہ قرآن کلاس کا اجراء

داخلہ شروع ہے

بوقت بعد از نماز مغرب (دورانیہ کلاس آدھ گھنٹہ)

بمقام مرکزی جامع مسجد چوک اہلحدیث جہلم




© rasailojaraid.com